KANZUL MADARIS BOARD

## سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

### کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: پانچواں | مضمون: الفقہ

تاریخ: 08-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط امیدوار: ____________

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط ممتحن: ____________

---

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: بائع اور مشتری میں سے کوئی ایک ایجاب کے بعد قبول سے پہلے مجلس سے اٹھ جائے تو ایجاب ۔۔۔ ہو جائے گا۔

(الف) تام　(ب) باطل　(ج) مکمل　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: جب ایجاب و قبول حاصل ہو جائے، تو وہ بیع ۔۔۔ ہو گی۔

(الف) باطل　(ب) ناقص　(ج) لازم　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی سے طے شدہ مدت کے لیے کھانے کا سامان خریدا اور ۔۔۔ کو بطور رہن رکھا۔

(الف) تلوار　(ب) زرہ　(ج) کپڑے　(د) چاندی

سوال نمبر 4: وہ معین برتن جس کی مقدار معلوم نہ ہو تو اس میں بیع کرنا ۔۔۔ ہے۔

(الف) باطل　(ب) فاسد　(ج) جائز　(د) درست نہیں

سوال نمبر 5: جس نے کھانے کی ڈھیری کی بیع کی، ہر قفیز ایک درہم کے بدلے میں تو امام اعظم کے نزدیک ۔۔۔ میں بیع جائز ہو گی۔

(الف) تمام قفیز　(ب) ایک قفیز　(ج) بعض قفیز　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: امام اعظم ابو حنیفہ کے نزدیک بیوع کے باب میں "ذراع" اصلاً ۔۔۔ ہے۔

(الف) شرط　(ب) وصف　(ج) سبب　(د) علت

سوال نمبر 7: اگر کسی نے پھل بیچے اور ان میں سے معلوم رطل کو مستثنیٰ کر لیا، تو ۔۔۔ کے نزدیک بیع جائز ہے۔

(الف) امام مالک　(ب) امام ابو حنیفہ　(ج) امام شافعی　(د) امام ابو یوسف

سوال نمبر 8: خیار شرط اصلاً ۔۔۔ سے ثابت ہے۔

(الف) قرآن　(ب) سنت　(ج) اجماع　(د) قیاس

سوال نمبر 9: جس کے لیے خیار شرط ہو، اور وہ مدتِ خیار کے اندر اپنے صاحب کی غیر موجودگی میں بیع کو فسخ کر دے، تو یہ ۔۔۔ کے نزدیک جائز ہے۔

(الف) امام ابو حنیفہ　(ب) امام محمد　(ج) امام ابو یوسف　(د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر 10: جس نے کسی شے کو خریدا اور اس نے اس کو دیکھا نہیں، تو امام شافعی کے نزدیک وہ عقد اصلاً ۔۔۔ ہے۔

(الف) درست نہیں　(ب) درست　(ج) معلق　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: بغل اور منہ کی بدبو غلام میں عیب نہیں ہے؛ کیونکہ اس سے ۔۔۔ کا قصد ہوتا ہے۔

(الف) افتراش　(ب) افتراق　(ج) استشراق　(د) استخدام

سوال نمبر 12: اگر مبیع اور ثمن میں سے کوئی ایک یا دونوں ہی نص قطعی سے حرام ہوں، تو بیع ۔۔۔ کہلائے گی۔

(الف) باطل　(ب) فاسد　(ج) موقوف　(د) مکروہ



CamScanner

سوال نمبر13:مردار کی بیع۔۔۔ہے۔

(الف)بیع باطل (ب)بیع فاسد (ج)بیع موقوف (د)بیع مکروہ

سوال نمبر14:ہوا میں اڑتے پرندے کی بیع کرنا۔۔۔ہے۔

(الف)جائز (ب)مکروہ (ج)موقوف (د)ناجائز

سوال نمبر15:دو کپڑوں میں سے ایک کپڑے کی بیع جائز نہیں۔

(الف)ثمن کے مجہول ہونے کی وجہ سے (ب)مبیع کے مجہول ہونے کی وجہ سے

(ج)شرط فاسد کی وجہ سے (د)مبیع کے کیلی ہونے کی وجہ سے

سوال نمبر16:اگر کسی نے بچہ جنوانے کی شرط پر لونڈی خریدی، تو یہ بیع۔۔۔ہوگی۔

(الف)جائز (ب)باطل (ج)فاسد (د)مکروہ

سوال نمبر17:۔۔۔مشتری بیع فاسد میں مبیع پر قبضہ کے بعد مالک نہیں بنتا۔

(الف)امام اعظم (ب)امام ابو یوسف (ج)الف اور ب دونوں (د)امام شافعی

سوال نمبر18:"نھی رسول اللہ ﷺ عن النجش"اس حدیث میں احناف کے نزدیک نہی۔۔۔پر محمول ہے۔

(الف)حرمت (ب)کراہت (ج)فسادِ بیع (د)فقط ممانعت

سوال نمبر19:اذانِ جمعہ کے وقت بیع کرنا۔۔۔ہے۔

(الف)جائز (ب)ناجائز (ج)موقوف (د)مکروہ

سوال نمبر20:اقالہ متعاقدین کے علاوہ کے حق میں۔۔۔ہے۔

(الف)فسخ (ب)بیع جدید (ج)بیع مشروط (د)بیع مکروہ

سوال نمبر21:۔۔۔ہلاک ہو جانے سے اقالہ درست نہیں ہوتا۔

(الف)مبیع (ب)بائع (ج)ثمن (د)مشتری

سوال نمبر22:"الحنطة بالحنطة مثلا بمثل یدابید والفضل ربوا"اس حدیث کی رُو سے رسول اللہ ﷺ نے۔۔۔چیزوں کا ذکر کیا جن میں تفاضل ربا

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر23:استحقاق کے باب میں"البینة"حجتِ۔۔۔ہے۔

(الف)کاملہ (ب)مطلقہ (ج)قاصرہ (د)ناقصہ

سوال نمبر24:بیع سلم کی اصل مشروعیت۔۔۔سے ہے۔

(الف)کتاب اللہ (ب)سنت (ج)اجماع (د)قیاس

سوال نمبر25:۔۔۔بیع سلم کے باب میں موزونی نہیں کہلائے گی/گا۔

(الف)لوہا (ب)چاندی (ج)دینار (د)پیتل

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنز المدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: پانچواں | مضمون: الفقہ

تاریخ: 08-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75 | جوابی کاپی نمبر: ____________

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: بیع کا اصل مقصد کیا ہوتا ہے؟ اور کیا بیوع کے باب میں معنوی الفاظ کے استعمال سے عقد درست ہو جائے گا؟ اس کی کوئی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک خیار شرط کی مدت کیا ہے؟ اور ان کا بناء استدلال عقلاً اور نقلاً ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 3: خیار رویت کا احناف کے نزدیک کیا حکم ہے؟ اور اس کی عقلی دلیل ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 4: اگر کسی نے خربوزہ خریدا اور اسے کاٹنے کے بعد پتا چلا کہ یہ تو خراب ہے، تو اس صورت میں کب پورا ثمن لوٹایا جائے اور کب نقصانِ عیب ادا کیا جائے گا؟

سوال نمبر 5: خمر اور خنزیر کی بیع کب باطل اور کب فاسد ہوتی ہے؟

سوال نمبر 6: کون سی شرط عقد کو فاسد کرتی ہے اور کون سی نہیں؟

سوال نمبر 7: بیع فاسد کے کوئی سے تین عمومی احکام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: امام ابو یوسف اقالہ کی کیا وضاحت کرتے ہیں؟

سوال نمبر 9: "فإن اطلع المشتري على خيانة في المرابحة فهو بالخيار" عبارت پر اعراب لگائیے اور نفس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 10: احناف کے نزدیک ربا کی علت کیا ہے؟ اور وہ علت کس حدیث سے ماخوذ ہے؟

سوال نمبر 11: حیوان میں بیع سلم کن کے نزدیک جائز ہے اور کن کے نزدیک نہیں؟ جائز قرار دینے والے علماء کس بنا پر اس بیع کو جائز قرار دیتے ہیں؟

سوال نمبر 12: امام خلیل نے صرف کا کیا لغوی معنی بیان کیا ہے؟ اور عبادات نافلہ کو صرف کہنے کی کیا وجہ ہے؟

سوال نمبر 13: اگر کسی نے 11 دراہم کو 10 دراہم اور 1 دینار کے بدلے میں بیچا تو بیع کا کیا حکم ہے، اور اس عقد کی کیا تطبیق کریں گے؟

سوال نمبر 14: فقہ شافعی اور فقہ حنفی کے درمیان فاسق قاضی کی ولایت کے بارے میں کیا اختلاف ہے؟

سوال نمبر 15: "من طلب القضاء وكل إلى نفسه ومن أجبر عليه نزل عليه ملك يسدده" حدیث پر اعراب لگائیے اور طلب ولایت کے بارے میں مفہوم کی وضاحت اس حدیث کی روشنی میں کیجئے۔

سوال نمبر 16: "ولومات المسلم وله إمرءة نصرانية فجاءت مسلمة بعد موته وقالت: أسلمت قبل موته وقالت الورثة: أسلمت بعد موته فالقول قولهم أيضا" نفس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 17: مضاربت کس لفظ سے مشتق ہے؟ اور عقد مضاربت کی وجہ تسمیہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: عقد اجارہ کے بارے میں قیاس کس چیز کا تقاضا کرتا ہے؟ اور اس کی دلیل کیا ہے؟

سوال نمبر 19: اجیر خاص اور اجیر مشترک کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 20: قتل کی پانچ اقسام کے نام تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "ومن اشترى امرأته على أنه بالخيار ثلاثة أيام لم يفسد النكاح وإن وطيهاله ان يردها الا اذا كانت بكرا" اس مسئلہ میں امام اعظم اور صاحبین کا مؤقف مع دلیل ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "ومن اشترى جارية بألف درهم حالة أونسيئة فقبضها ثم باعها من البائع بخمس مائة قبل ان ينقد الثمن الأول" مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر بتائیے کہ بیع ثانی کا حکم کیا ہوگا؟ اور اس بارے میں اختلاف مع الدلائل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: بیع میں تفاضل اور نساء کب حلال ہوتا ہے؟ احناف اور امام شافعی کی آراء بالتفصیل ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 4: عقد مضاربت کی تعریف اور صحیح ہونے کی شرائط "ہدایۃ" کی روشنی میں سپرد قرطاس فرمائیے۔

سوال نمبر 5: قتل خطا کی کتنی اور کون کون سی انواع ہیں؟ ہر نوع پر سیر حاصل گفتگو کیجئے۔



CamScanner

(5)

# 2025

## مختصر سوالات

(1)

بیع کا اصل مقصد مال کی مال کے بدلے خرید و فروخت ہے
جی ہاں معنوی الفاظ سے بیع منعقد ہو جاتی جبکہ بیع کی نیت ہو

(2)

صاحبین کے نزدیک خیار شرط کی مدت تین دن سے زیادہ بھی ہو سکتی
ہے چاہے ایک ماہ ہو یا ایک سال بشرطیکہ مدت متعین ہو
عقلی دلیل :- لوگوں کو اپنی ضرورت پوری کرنے کے لیے زیادہ وقت درکار ہوتا ہے
نقلی دلیل :- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت حبان کو اختیار دینا استحباب پر محمول ہے

(3)

احناف کے نزدیک اختیار رؤیت ثابت (مشروع - جائز) ہے
عقلی دلیل :- مبیع کی صفت بغیر دیکھے ممکن نہیں لہذا رضامندی
کے لیے دیکھنے کے بعد اختیار ملنا ضروری ہے

(4)

اگر سارا اخروٹ یوزہ ہی بیکار نکلا تو پورا ثمن واپس ہوگا
اور اگر کچھ حصہ ٹھیک تھا تو نقصان عیب واپس لیا جائے گا

(5)

جب مسلمان کسی مسلمان سے خمر اور خنزیر کی بیع کرے تو یہ
بیع باطل ہے کیونکہ ہمارے نزدیک یہ دونوں مال ہی نہیں
جب ذمی آپس میں ان کی بیع کریں تو احناف کے نزدیک
بیع منعقد ہو جائے گی کیونکہ ان ذمیوں کے نزدیک
یہ خمر اور خنزیر مال ہیں

(6)

(i) ایسی شرط جو عقد کے تقاضے کے خلاف ہو یا فریقین میں سے کسی ایک کو ناجائز فائدہ دے یہ شرط عقد فاسد کرتی ہے

(ii) ایسی شرط جو عقد کے مطابق ہو یا عرف میں رائج ہو یہ شرط عقد کو فاسد نہیں کرتی ہے

(7)

(i) بیع فاسد سے ملکیت ثابت ہو جاتی ہے (کیونکہ ان کی الا شروط ہے)

(ii) اس بیع کو ختم کرنا دونوں پر واجب ہے

(iii) چیز ضائع ہونے پر بازار کی قیمت دینا ضروری ہو گی

(8)

امام ابو یوسف کے نزدیک اقالہ ایک جدید بیع ہے کیونکہ بائع اور مشتری ثمن اور مبیع کا مالک بننے کے بعد دو بارہ ایک دوسرے سے تبادلہ کرتے ہیں یہی بیع کی تعریف ہے لہذا ثابت ہوا اقالہ جدید بیع ہے

(9)

امام اعظم کے نزدیک اگر بیع مرابحہ میں مشتری کے ساتھ دھوکہ ہوا تو اس کے لیے اختیار ہے چاہے تو بیع فسخ کر دے چاہے تو قیمت دے کر مبیع خرید لے

(10)

احناف کے نزدیک رباء کی علت (قدر مع الجنس) ہے

حدیث پاک ہے: الحنطة بالحنطة مثلا بمثل یدا بید

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھ چیزیں گنوائی کہ ان کو ان کی جنس کے ساتھ برابر برابر بیچا جائے اگر کمی بیشی ہوئی تو یہ سود ہو گا

(11)

حیوان میں بیع سلم احناف کے نزدیک ناجائز ہے
کیونکہ حیوان کے اوصاف (رنگ نسل عمر) وغیرہ متعین نہیں
ہوتے اس لیے حیوان میں بیع سلم جائز نہیں ہے
امام شافعی کے نزدیک حیوان میں بیع سلم جائز ہے کیونکہ ان
کے نزدیک حیوان کے اوصاف متعین کرنے سے متعین ہو جاتے ہیں

(12)

امام خلیل کے نزدیک صرف کے لغوی معنی زیادتی (اضافی)
کے ہیں عبادات نافلہ کو صرف اسی لیے کہتے ہیں کیونکہ وہ
فرائض و واجبات پر ایک قسم کی زیادتی ہوتی ہے

(13)

یہ عقد جائز ہے
10 دراھم کے بدلے 10 دراھم ہو جائیں گے اور زائد ایک
درھم کے بدلے ایک دینار کو قرار دیا جائے گا تاکہ سود
سے بچا جا سکے

(14)

احناف کے نزدیک فاسق قاضی کی ولایت مکروہ ہے
البتہ اس کے نافذ کردہ فیصلے نافذ ہوں گے
جبکہ شوافع کے نزدیک فاسق قاضی بن ہی نہیں سکتا ہے

(15)

مَنْ طَلَبَ الْقَضَاءَ وُكِّلَ إِلَى نَفْسِهِ وَمَنْ أُجْبِرَ عَلَيْهِ
نَزَلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ يُسَدِّدُهُ
جو شخص عہدہ قضاء کی طلب کرے اللہ اس کو اس کے نفس
کے حوالے کر دیتا ہے اور جس کو مجبوراً عہدہ قضاء دیا جائے
اللہ اس پر فرشتہ بھیجتا ہے جو اس کی رہنمائی کرتا ہے

(16)

اگر شوہر کے انتقال کے بعد عیسائی بیوی مسلمان ہو جائے
اور کہے کہ میں موت سے پہلے مسلمان ہوئی تھی (تاکہ وراثت ملے)
اور ورثاء کہیں کہ موت کے بعد مسلمان ہوئی تو ورثاء کی
بات قبول کی جائے گی کیونکہ اصل حال موت کے وقت کا ہے

(17)

مضاربت (ضرب) سے مشتق ہے جس کے معنی چلنا سفر کرنا ہے
چونکہ مضارب (کام کرنے والا) نفع حاصل کرنے کے لیے زمین میں سفر
(ضرب فی الارض) کرتا ہے

(18)

عقد اجارہ کے بارے میں قیاس یہ تقاضا کرتا ہے کہ یہ
عقد ناجائز (باطل) ہونا چاہیے
دلیل :- کیونکہ اجارہ میں منافع کو بیچا جاتا ہے اور منافع عقد
کے وقت موجود نہیں ہوتا بلکہ آہستہ آہستہ حاصل ہوتا ہے

(19)

اجیر خاص :- وہ جو ایک وقت میں ایک ہی شخص کا
کام کرے وہ اجیر خاص کہلائے گا جیسے ملازم
اجیر مشترک :- وہ جو ایک وقت میں کئی لوگوں کا کام کرتا ہو جیسے درزی

(20)

قتل کی اقسام خمسہ کے نام درج ذیل ہیں

(i) قتل عمد (ii) قتل شبہ عمد

(iii) قتل خطاء (iv) قتل جاری مجری خطاء

(v) قتل بالسبب

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنز المدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ________

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: پانچواں | مضمون: الفقہ

تاریخ: 17-02-2024 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالب علم: ________

مرکز امتحان: ________ دستخط نگران مرکز امتحان: ________ دستخط ممتحن: ________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: عقود میں اعتبار کیا جاتا ہے۔

(الف) الفاظ (ب) معانی (ج) دونوں کا (د) دونوں کا نہیں

سوال نمبر 2: وہ بیع جس میں ایجاب و قبول بغیر لفظ کے ہو۔۔۔ کہلاتی ہے۔

(الف) بیع تعاطی (ب) بیع منابذہ (ج) مطلقا بیع (د) بیع محاقلہ

سوال نمبر 3: ابن عمر نے خیار شرط کو جائز قرار دیا ہے۔

(الف) ایک ماہ تک (ب) 15 دن تک (ج) 20 دن تک (د) 2 ماہ تک

سوال نمبر 4: کس کے نزدیک متعاقدین میں سے ہر ایک کے لیے خیار مجلس ہو گا؟

(الف) امام زفر (ب) امام شافعی (ج) امام ابو یوسف (د) امام محمد

سوال نمبر 5: آقا ﷺ نے یہودی سے کھانا خریدا اور بطور رہن ۔۔۔ رکھا۔

(الف) لباس (ب) عمامہ (ج) جوتے (د) زرہ

سوال نمبر 6: خیار شرط بیع میں بائع اور مشتری کے لیے ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) باطل (د) فاسد

سوال نمبر 7: امام شافعی کے نزدیک عورت کے دودھ کی بیع کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) حرام (د) فاسد

سوال نمبر 8: مردار کی کھال کی بیع کرنا ناجائز ہے۔

(الف) دباغت سے پہلے (ب) دباغت کے بعد (ج) مطلقا ناجائز (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: ۔۔۔ کے نزدیک لونڈی کے دودھ کی بیع کرنا جائز ہے۔

(الف) امام شافعی (ب) امام ابو یوسف (ج) امام محمد (د) امام زفر

سوال نمبر 10: "مبادلۃ المال بالمال" یہ بیع کا ۔۔۔ ہے۔

(الف) رکن (ب) شرط (ج) واجب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: "یستام" کا معنی ہے۔

(الف) ریٹ لگانا (ب) نیلام کرنا (ج) عام کرنا (د) پیغام بھیجنا

سوال نمبر 12: "وھو مایخرج من الصید بضرب الشبکۃ مرۃ" یہ تعریف ہے۔

(الف) بیع مزابنہ (ب) بیع محاقلہ (ج) ضربۃ القانص (د) ملامسہ

سوال نمبر 13: اقالہ ثمن اول کی مثل بیع میں ۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) مکروہ (د) حرام



CamScanner

سوال نمبر14: شفیع کا حق بائع کے حق سے زیادہ۔۔۔ ہے۔

(الف) اقوی (ب) افضل (ج) ضعیف (د) اولی

سوال نمبر15: بیع مرابحہ اور تولیہ کا دار و مدار ہوتا ہے۔

(الف) امانت (ب) خیانت سے احتراز (ج) شبہ خیانت سے احتراز (د) تمام

سوال نمبر16: طعم اور ثمنیت کس کے نزدیک علت ہے؟

(الف) احناف (ب) شوافع (ج) امام احمد (د) امام زفر

سوال نمبر17: بیع میں کون سی چیز متعین کرنے سے متعین نہیں ہوتی؟

(الف) ثمن (ب) مبیع (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر18: "وکل ماینسب الی الرطل فھو۔۔۔"

(الف) مکیلی (ب) موزونی (ج) مجازفہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: غلام اور آزاد کو بیک وقت بیع میں جمع کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) باطل (ب) فاسد (ج) مکروہ (د) حرام

سوال نمبر20: بیع شروط فاسدہ سے۔۔۔

(الف) باطل ہوتی ہے (ب) باطل نہیں ہوتی ہے (ج) مکروہ ہوتی ہے (د) مکروہ نہیں ہوتی ہے

سوال نمبر21: ہاتھی کو کس کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے؟

(الف) خنزیر (ب) کلب (ج) بلی (د) سانپ

سوال نمبر22: بھاگے ہوئے غلام کی بیع کا حکم کیا ہے؟

(الف) باطل (ب) فاسد (ج) مکروہ (د) جائز نہیں

سوال نمبر23: اگر ام ولد اور مدبر مشتری کے قبضے میں مر جائیں تو امام اعظم کے نزدیک مشتری پر۔۔۔

(الف) ضمان ہے (ب) ضمان نہیں ہے (ج) قیمت دے گا (د) بیع فسخ کر دے گا

سوال نمبر24: بیع انشاء تصرّف ہے اور انشاء کو۔۔۔ کے ذریعے جانا جاتا ہے۔

(الف) اعلام (ب) اخبار (ج) شرع (د) تینوں سے

سوال نمبر25: بیع کس لفظ سے منعقد ہوتی ہے؟

(الف) ماضی (ب) مستقبل (ج) امر (د) حال

## سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

## کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: پانچواں | مضمون: الفقہ | رول نمبر: ____________

تاریخ: 17-02-2024 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75 | جوابی کاپی نمبر: ____________

### حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: بیع باطل اور بیع فاسد میں فرق بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: بیع الطریق اور بیع مسیل الماء کا حکم مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: صاحب ہدایہ نے مکیلی اور موزونی اشیاء کے بارے میں جو ضابطہ بیان کیا ہے وہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: امام شافعی کے نزدیک حیوان میں بیع سلم کیوں جائز ہے؟ علت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: بیع سلم کتنی اور کون کون سی شرائط کے ساتھ درست ہوتی ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: اندھے کا خیار کب ساقط ہوگا اور کب ساقط نہیں ہوگا؟

سوال نمبر 7: بیع صرف کی تعریف سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 8: کیا فاسق شخص کو قاضی بنانا درست ہے؟ دلیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: کن چیزوں سے وکالت باطل ہو جاتی ہے؟

سوال نمبر 10: احناف کے نزدیک وکیل بالبیع والشراء کا کن افراد کے ساتھ عقد کرنا جائز نہیں ہے؟ وجہ بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: غبن فاحش کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 12: "ومن باع قطعة نقرة ثم استحق بعضها اخذ مابقی بحصته" اس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 13: کس شخص کے لیے عہدہ قضاء کو قبول کرنا مکروہ ہے؟

سوال نمبر 14: وہ عقد جسے وکلاء منعقد کرتے ہیں اس کی اقسام کی تعریفات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: مضاربت کی مشروعیت کی دلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: صاحبین کے نزدیک خیار شرط کی مدت مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: مسلم اور ذمی کافر شفعہ میں کیوں برابر ہیں؟

سوال نمبر 18: جار ملاصق کی تعریف سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 19: "ولا یصح الرھن الا بدین مضمون" دین مضمون سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: اجیر مشترک اجرت کا مستحق کب ہوگا؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: خیار رویت کے ساتھ عقد درست ہے یا نہیں؟ احناف اور شوافع کا اختلاف مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: "ولا یجوز السلم الا موجلا" اس مسئلہ میں احناف کا مؤقف دلیل عقلی و نقلی کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: قاضی فیصلہ کرنے کے لیے کس جگہ کا انتخاب کرے؟ تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: "الشفعة واجبة فی العقار" اس مسئلہ میں اختلاف ائمہ مع الدلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: قتل کی اقسام خمسہ کی تعریفات مع حکم بیان کیجئے۔



CamScanner

(5)

# 2024

## مختصر سوالات

(1)

بیع باطل :- جس بیع میں مبیع اور ثمن مال ہی نہ ہو بیع باطل ہوگی

بیع فاسد :- جس بیع میں مبیع اور ثمن مال تو ہوں لیکن کسی شرط فاسد کی وجہ سے بیع خراب ہوگئی ہو بیع فاسد کہلائے گی

(2)

فی نفسہ راستہ اور پانی کا بہاؤ بیچنا ہوگا یا اس کا حق تو فی نفسہ راستہ تو فروخت کر سکتے ہیں لیکن پانی کا بہاؤ کو نہیں کیونکہ اس میں جہالت ہے اور ان کے حق کو فروخت کرنے میں دو روایات ہیں ایک روایت کے مطابق راستہ بیچنا جائز دوسری کے مطابق ناجائز البتہ پانی کا بہاؤ یہاں بھی ناجائز

(3)

جو اشیاء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کیلی تھی وہ اب بھی کیلی ہی رہیں گی اور جو موزونی تھی وہ اب بھی موزونی رہیں گی چاہے زمانہ بدل جائے

(4)

کیونکہ ان کے نزدیک آج کل حیوان میں (رنگ نسل عمر) کو معلوم کر کے جہالت ختم کی جا سکتی ہے تو جب جہالت ختم ہو گئی تو بیع سلم بھی جائز ہو جائے گی

(5)

بیع سلم کی (7) شرائط ہیں جو درج ذیل ہیں

(i) جنس معلوم ہو (ii) نوع معلوم ہو (iii) صفت معلوم ہو

(iii) مقدار معلوم ہو     (iv) مدت معلوم ہو

(v) راس المال (قیمت کی مقدار) معلوم ہو (vi) سپردگی کی جگہ متعین ہو

(6)

اگر اندھے نے چیز کو ہاتھ سے ٹٹولیا (یعنی چھو لیا) یا سونگھنے والی چیز کو سونگھ لیا یا کھانے والی چیز کو چکھ لیا تو خیار ساقط ہو گا

(7)

ثمن کی ثمن کے بدلے بیع کرنا بیع صرف کہلاتا ہے جیسے سونے کی سونے یا چاندی کے بدلے بیع کرنا

(8)

احناف کے نزدیک فاسق کو قاضی بنانا مکروہ ہے لیکن اگر کوئی فاسق قاضی کوئی فیصلہ کر دے تو اس کا فیصلہ نافذ ہو گا لیکن امام شافعی کے نزدیک قاضی بنانا ہی جائز نہیں ہے

(9)

وکالت درج ذیل چیزوں سے باطل ہو جاتی ہے

(i) برطرف ہو جانا     (ii) وکیل کا خود ہی استعفیٰ دے دینا

(iii) موکل کا مر جانا     (iv) وکیل کا مر جانا

(v) مستقل جنون (پاگل ہو جانا)

(10)

احناف کے نزدیک وکیل اپنے اصول (باپ دادا) اور فروع (بیٹا بیٹی اولاد) سے ~~[illegible]~~ عقد کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ اس پر زیادہ نفع کی تہمت لگے گی جو کہ درست نہیں ہے لہذا اس ~~[illegible]~~ عقد کو ہی ناجائز قرار دیا گیا ہے

CS CamScanner

(11)

قیمت کا بہت زیادہ ہونا: اگر کسی چیز کی قیمت اتنی زیادہ ہو کہ کوئی بھی تجربہ کار دوکاندار یا قیمت لگانے والا ماہر اسے درست نہ مانے غبن فاحش کہلاتا ہے

(12)

اور جس نے چاندی کا ایک ٹکڑا بیچا پھر اس کا کچھ حصے کا کوئی دوسرا مالک نکل آیا تو خریدار باقی بچ جانے والے مال کو اس کی مقررہ قیمت کے بدلے میں لے گا

(13)

جو شخص اپنی امانت اور انصاف پر بھروسہ نہ رکھتا ہو یا جو خواہش نفس کی پیروی کا خوف رکھتا ہو ایسے شخص کے لیے عہدہ قضاء کو قبول کرنا مکروہ ہے

(14)

وکلاء کے عقد کی دو اقسام ہیں

(i) جس میں وکیل خود عقد کرے اسے عقد غیر مضاف کہتے ہیں

(ii) جس میں موکل کی طرف نسبت کرے خود محض پیغام رساں ہو اسے عقد مضاف کہتے ہیں

(15)

مضاربت کی مشروعیت کی دلیل درج ذیل ہے

(i) اس پر صحابہ کرام کا اجماع ہے

(ii) لوگوں کی ضرورت ہے یعنی جو مال دے سکتا ہے محنت نہیں کر سکتا اور جو محنت کر سکتا ہے مال نہیں دے سکتا دونوں مل کر اپنا کام کریں

CamScanner

(16)

صاحبین کے نزدیک عاقدین میں کوئی ایک جب تک چاہے خیار شرط اختیار کر سکتا ہے چاہے وہ مہینہ ہو یا ایک سال البتہ کوئی ہمیشہ کے لیے اختیار نہیں لے سکتا

(17)

کیونکہ شفعہ کی بنیاد پڑوس اور شرکت ہے اور اس میں دین کو کوئی عمل دخل نہیں لہذا اس لیے کافر ذمی اور مسلمان شفعہ میں برابر ہیں

(18)

وہ پڑوس ہے جس کی دیوار یا زمین فروخت ہونے والی مکان یا زمین کی دیوار یا زمین سے بالکل جڑی ہو اسے جار ملاصق کہتے ہیں

(19)

ہر وہ رقم جو کسی معاہدے کی وجہ سے آپ پر واجب ہو گئی ہو جیسے ادھار لی گئی رقم اگر وہ پیسے کہیں گر جائیں یا چوری ہو جائیں تب بھی آپ کا قرض ختم نہیں ہو گا آپ کو وہ رقم دینی ہی ہو گی

(20)

جب اجیر کام مکمل کرے تو وہ اجرت کا مستحق ہو گا کیونکہ اجرت کام کے بدلے ہوتی ہے

سوال نمبر 13: دیانات میں فاسق کی خبر ہے۔

(الف) مقبول (ب) غیر مقبول (ج) مردود (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 14: قضاء کے عہدے کی طلب کرنا اور اس کا سوال کرنا ہے۔

(الف) مکروہ (ب) حرام (ج) ناجائز (د) جائز

سوال نمبر 15: "ثم یجوز التقلد من السلطان الجائر کما یجوز من-------"

(الف) الحاکم (ب) الخلیفة (ج) العادل (د) الامام

سوال نمبر 16: ولا یحبس الوالد فی دین-------

(الف) ابیه (ب) ولده (ج) جده (د) زوجته

سوال نمبر 17: حدود و قصاص میں تحکیم ہے۔

(الف) ناجائز (ب) جائز (ج) فرض (د) واجب

سوال نمبر 18: کتاب کی اقسام ہیں۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 3 (د) 2

سوال نمبر 19: "وحکم الحاکم لابویه وزوجته وولده-------"

(الف) جائز (ب) باطل (ج) فاسد (د) مکروہ

سوال نمبر 20: -------وکالت باطل ہو جائے گی۔

(الف) وکیل کی موت سے (ب) مؤکل کی موت سے (ج) مذکورہ دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 21: امام یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حدود و قصاص میں وکیل بنانا ہے۔

(الف) ناجائز (ب) جائز (ج) باطل (د) فاسد

سوال نمبر 22: وکلا جو عقد کرتے ہیں اس کی اقسام ہیں۔

(الف) 5 (ب) 2 (ج) 4 (د) 3

سوال نمبر 23: "السطة" کا معنی ہے۔

(الف) سطح (ب) کوڑا (ج) درمیان (د) پیالہ

سوال نمبر 24: "فان حبس الوکیل المبیع فهلک کان مضمونا عند محمد رحمة الله علیه-------"

(الف) ضمان الرهن (ب) ضمان الغصب (ج) ضمان البیع (د) ضمان الشراء

سوال نمبر 25: وکیل بالبیع کے لیے جائز ہے کہ وہ اشیاء کو فروخت کردے

(الف) قلیل وکثیر کے ساتھ (ب) قلیل کے ساتھ (ج) کثیر کے ساتھ (د) غبن فاحش کے ساتھ



CamScanner

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ سال اول** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **الفقہ+علوم الفقہ**

تاریخ: **01-03-2023** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZULMADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: ماتن علیہ الرحمۃ نے حمد کے ساتھ "اولاً و ثانیاً" کو کیوں ذکر کیا ہے۔ مختصراً بیان کریں۔

سوال نمبر 2: "منصۃ العروس" کا معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: تعریف اسمی کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 4: حکم اصطلاحی کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 5: "احوال الادلۃ" اور "ومایتعلق بھا" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: اربع تقسیمات کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 7: امام اشعری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول حکم کی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر 8: توضیح، تنقیح اور تلویح کے مصنفین کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: "معالم العلم" سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 10: امام اعظم نے علم الکلام کو کیا نام دیا ہے؟ علت بھی بیان کریں۔

سوال نمبر 11: "ولا یقبل ھدیۃ الا من ذی رحم محرم او ممن جزت عادتہ قبل القضاء بمھاداتہ" اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 12: کتاب القاضی الی القاضی کی اقسام مع تعریفات بیان کریں۔

سوال نمبر 13: غبن فاحش اور غبن یسیر کی تعریف کریں

سوال نمبر 14: "وللمؤکل ان یعزل الوکیل عن الوکالۃ" مذکورہ مسئلہ کی علت بیان کریں۔

سوال نمبر 15: مضاربت مطلقہ اور مقیدہ کا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 16: "ولو احتال بالثمن علی الایسر او العسر جاز" مذکورہ مسئلہ میں "حوالہ" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 17: "ولا یجوز اخذ اجرۃ عسب التیس ویجوز اخذ اجرۃ الحمام" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 18: شفعہ کا حق کس کس کو حاصل ہے؟ حدیث کی روشنی میں تحریر کریں۔

سوال نمبر 19: مشاع کے رہن کا حکم بیان کریں۔

سوال نمبر 20: قتل بالسبب اور قتل خطاء کے احکام بیان کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "اعلم ان خطاب الشرع اما تکلیفی و اما وضعی" توضیح کی روشنی میں مذکورہ عبارت کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 2: "وقد اورد ابن الحاجب ان ھذا التعریف دوریٌ" کتاب اللہ کی تعریف پر علامہ ابن حاجب رحمۃ اللہ علیہ کا اعتراض مع جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: "ویجلس للحکم جلوساً ظاھراً فی المسجد" مذکورہ عبارت کے تحت اختلاف ائمہ مع الدلائل تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: "والاصل ان ما یفعلہ المضارب ثلاثۃ انواع" انواع ثلاثہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5: رہن کا لغوی اور شرعی معنی بیان کریں نیز شئی مرھونہ کی ہلاکت کی صورت میں تاوان کا حکم بیان کریں۔




CamScanner

(11)

وَلَا يَقْبَلُ هَدِيَّةً اِلَّا مِنْ ذِي رَحِمٍ مَحْرَمٍ اَوْ مِمَّنْ جَرَتْ
عَادَتُهُ قَبْلَ الْقَضَاءِ بِمُهَادَاتِهِ

(12)

کتاب القاضی الی القاضی کی دو اقسام ہیں
(i) کتاب القاضی الی القاضی فی الحقوق
وہ خط جو مالی معاملات کے بارے میں ہو اور
یہ بالاتفاق جائز ہے
(ii) کتاب القاضی الی القاضی فی الحدود والقصاص
اس کو قبول نہیں کیا جائے گا کیونکہ جب حدود قصاص
میں ذرا سا بھی شک آجائے تو وہ ساقط ہو جاتی ہیں
یہ وہ ہے جس کا تعلق حدود قصاص کے ساتھ ہو

(13)

غبن فاحش :- وہ زیادتی یا کمی جو بازار کی قیمت سے بہت
زیادہ ہو اور ماہرین ایسے قیمت کے دائرے سے باہر
کر دیں اسے کو قبول نہ کریں
غبن یسیر :- وہ زیادتی یا کمی جو بازار کی قیمت سے تھوڑی بھی
زیادتی یا کمی کے ساتھ ہو اور ماہرین قیمت اس
کو قبول بھی کرتے ہو

(14)

موکل دراصل وکیل کو اپنے کام کے لیے نائب بناتا ہے اور وہ
جب چاہے وکیل کو اپنی نیابت سے معزول کر سکتا ہے بشرطیکہ
اس میں کسی دوسرے کا حق ضائع نہ ہوتا ہو

CS CamScanner

(15)

مضاربت مطلقہ:۔ اس میں مضارب کو ہر قسم کی تجارت جگہ اور وقت میں کام کرنے کا اختیار ہوتا ہے وہ رب المال کا پابند نہیں ہوتا۔

مضاربہ مقیدہ:۔ اس میں تجارت جگہ وقت اور مال کی نوعیت مقید ہوتی ہے خلاف ورزی کرنے پر مضارب ضامن ہوگا

(16)

مذکورہ مسئلہ میں حوالہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی قرض کو ایک شخص کے ذمے سے دوسرے شخص کی طرف منتقل کرنا حوالہ ہے

(17)

اور نر جانور کو مادہ کے ساتھ جفتی کروانے پر اجرت لینا جائز نہیں جبکہ حمام کی اجرت لینا جائز ہے

(18)

(i) شریک فی نفس المبیع (جائیداد میں شریک)
سب سے پہلے اس کو حق حاصل ہے جو پہلے سے زمین یا مکان میں حصہ دار ہو

(ii) شریک فی حقوق المبیع (سہولیات میں شریک)
دوسرا حق اس کو ہے جو زمین یا مکان کی خاص سہولیات میں شریک ہو

(iii) جار ملاحق (جڑواں پڑوسی)
تیسرا حق اس کو ہے جو زمین یا مکان کے ساتھ والا پڑوسی ہو

(19)

احناف کے نزدیک مشاع (مشترکہ چیز) کو رہن کے طور پر رکھنا جائز نہیں ہے

(20)

قتل بالسبب:۔ اس میں دیت واجب ہے جو عاقلہ پر ہوگی کفارہ واجب نہیں قاتل وراثت سے محروم بھی نہیں ہوتا

قتل خطاء:۔ اس میں کفارہ واجب ہے عاقلہ پر دیت مخففہ ہے اور قاتل وراثت سے محروم ہوجاتا ہے

CS CamScanner